چھٹایوتھ پارلیمنٹ پاکستان2014

آرڈر آف دی ڈے

منعقد اجلاس یوتھ پارلیمنٹ پاکستان مورخہ 25اکتوبر2014 بروز ہفتہ، بوقت10:30 بجے کے لئے،

1: تلاوت قرآن پاک

قراردادیں

2: **جناب محمد ابراہیم خان**(YP17-KP05)اور

جناب محمد اکبر خان(YP16-KP07)ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں:

"یہ ایوان معزز ڈپٹی اسپیکر محترمہ فضیلہ مری(YP52-SINDH05)سے استعفیٰ اور دفتر کیلیئے ایک اور مناسب امیدوار کے انتخاب کا مطالبہ کرتی ہے۔اسپیکر کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ بحث کے دوران امن قائم کرے اور ایوان کے قوانین توڑنے والے اراکین کو سزا دے۔اس کے علاوہ، اسپیکر کو سختی کے ساتھ غیر جانبدار رہنا چاہئے، اور عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنی سیاسی جماعت کے ساتھ تمام وابستگی کو ترک کرنا چاہئے۔موجودہ ڈپٹی اسپیکر اپنی پیشہ ورانہ اور غیر جانبدارانہ فرائض انجام دینے میں ناکام رہی ہے۔"

4: **محترمہ مزغن محبوب کرمانی** (YP54SINDH07)قرارداد پیش کرنا چاہتی ہے:

"اس ایوان کے نقطہ نظر کے مطابق پولیٹیکل سائنس، قانون، تقابلی مذاہب اور انسانی حقوق کی تعلیم کو پرائمری اور سیکنڈری سکول کی سطح پر قومی نصاب میں متعارف کیا جانا چاہئے۔ ان مضامین سے نوجوان ذہنوں میں رواداری اور

قبولیت کی اقدار کو ضم کیا جائے گا۔ یہ دقیانوسی ذہنیت کے مقابلے میں آگے سوچنے کیلئے بصیرت دے گا۔ یہ بچوں کو مستقبل میں حقائق اور تاریخی اعداد و شمار کی روشنی میں اپنی رائے کے اظہار کی جرّات دے گا۔

5: **جناب صہیب سعید** (YP02-AJK02)اور

محترمہ رہی فاروق (YP11-ICT01)ذیل قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں:

"یہ ایوان دنیا بھر میں ایبولا وائرس کی وجہ سے 4900 قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسردہ ہے۔ اور اسی وقت تجویز کرتا ہے کہ وزارت صحت اس وائرس سے پاکستانی شہریوں محفوظ کرنے کیلئے ایک ناقابل شکست نظام بنائے اور آلودگی کی صورت میں متبادل منصوبہ بندی تیار کرے۔"

رپورٹیں

5: قائمہ کمیٹی برائے قانون، انصاف اور انسانی حقوق **"پاکستان میں مذہبی اقلیتوں کی حالت"** پر رپورٹ پیش کرنا چاہتی ہے۔

6: قائمہ کمیٹی برائے تعلیم اور نوجوانوں کے امور **"مدرسہ تعلیم 2014"** پر اپنی رپورٹ پیش کرنا چاہتی ہے۔

7: قائمہ کمیٹی برائے خزانہ، اقتصادی امور اور منصوبہ بندی **"پاکستان میں ٹیکس اصلاحات"** پر اپنی رپورٹ پیش کرنا چاہتی ہے۔